19 Days Bahá'í Newsletter Pakistan

۱۹ روزہ بہائی نیوزلیٹر پاکستان

شہر المسائل

بدیع 177
11 دسمبر 2020ء

محفل مقدس روحانی ملّی بہآئیانِ پاکستان — اہلِ بہاء کے لئے

”امر اللہ میں متحد رہیں اور عہد و پیمان میں مضبوط رہیں؛ بدگوئی سے گریز کریں اور کبھی دوسروں کے بارے میں بُرا نہ کہیں؛ کسی کو اجنبیت کی نگاہ سے نہ دیکھیں بلکہ سب کو ایک ہی خاندان کے ارکان خیال کریں؛ منتشر نظریات اور متنازعہ خیالات کو ایک طرف کر دیں اور ایک با مقصد اور مشترکہ ہدف کی جانب بڑھیں؛ یہ یقینی بنائیں کہ حضرت بہاالله کی محبت جسم کے تمام اعضاء، حصے اور ارکان پر حاوی ہو جائے کہ عالمِ انسانی کی ترغیبات ان پر کوئی اثر نہ کر سکیں؛ دل و جان سے قیام کریں اور ہم آواز ہو کر امر اللہ کی تبلیغ کریں؛ شانہ بشانہ اور ایک دوسرے کی حمایت کرتے ہوئے آگے بڑھیں؛ بلند کردار، استقامت، طاقت اور مضبوط ارادہ پیدا کریں؛ اس بیش قیمت امر کی قدر جانیں، اسکی تعلیمات کی اطاعت کریں، اُس راہ پر چلیں جو سیدھا کھینچ دیا گیا ہے، اور یہی راہ لوگوں کو دکھائیں۔“

(پیام بیت العدل اعظم الہٰی مورخہ 26 نومبر 2018ء)

راولپنڈی:

راولپنڈی کے ایک بہائی دوست عرفان شاہ پچھلے مہینے صعود کر گئے تھے۔ محفل روحانی نے ان کی روح کی ترقی کے لئے ایک جلسہ تذکر کا اہتمام کیا۔ اس جلسے میں راولپنڈی سے اسلام آباد شفٹ ہونے والے خانوادوں کو بھی دعوت دی گئی کیونکہ وہ سب عرفان شاہ کو جانتے تھے۔ بہر حال مقررہ وقت پر عرفان شاہ کے خانوادے سے تقریباً 18 لوگ، جن میں عرفان شاہ کی بیوہ، تین بچے، تین بھائی اُن کی بچے جبکہ دو سالیاں اُن کے شوہر اور بچے بھی شامل تھے، تشریف لائے اور ہمارے بہائی احباب بھی آئے۔ پروگرام میں عرفان شاہ کے رشتہ داروں اور احباب نے دعائیں تلاوت کیں اور روح

کے بارے میں بھی ایک بہائی دوست نے بہت اچھے سے وضاحت کی، وہ لوگ بہت خوش ہوئے اور بار بار شکریہ ادا کرر ہے تھے کہ آپ نے ہمیں اتنی عزت دی اور ہمارے مرحوم بھائی عرفان کی یاد میں اتنا شاندار دعا کا جلسہ کیا۔ آخر میں ڈنر کے دوران اُن کے خانوادے کے لوگ احباب کے ساتھ کافی گھل مل گئے۔ حالانکہ وہ سب پہلی بار آئے تھے۔

چکوال:

(ا) چکوال اور گردونواح میں زیادہ تر وسیع جامعہ کے لوگوں کے تعاون سے 15 دعائیہ جلسات منظم طور پر روزانہ اور ہفتہ وار منعقد کیے جاتے ہیں۔ (ب) چکوال میں پانچ اسٹڈی سرکلز میں روحی کتاب نمبر 1، 2 اور 5 منظم طور پر 11 شرکاء کے ساتھ زیرِ مطالعہ ہیں جو زیادہ تر وسیع جامعہ کے لوگوں کے تعاون سے منعقد کیے جاتے ہیں۔ (ج) چکوال اور گردونواح کے علاقوں میں وسیع تر جامعہ کے 15 بچوں کے ساتھ 5 کلاسیں منظم طور پر منعقد کی جاتی ہیں۔ ایک گاؤں میں جو دلچسپ واقعہ دیکھنے میں آیا وہ یہ کہ کلاس کے انعقاد سے قبل، میزبان گھرانے کی دس سالہ بچی نے دیوار پر چھلانگ لگائی اور دیوار سے چھت پر گئی اور پھر اسی راستے سے واپس آئی! جب اس سے پوچھا گیا تو معلوم پڑا کہ وہ پڑوس کے بچوں کو کلاس کے لئے بلانے گئی تھی! بچوں کا یہ شوق اور جذبہ قابل قدر ہے۔ ایک اور اہم بات یہ ہے کہ ہر ہفتے بچے اپنے بہترین لباس پہن کر صفائی اور نظافت سے کلاس میں آتے ہیں۔ (د) کلسٹر میں وسیع تر جامع کے 4 نوجوانوں کے ساتھ ہفتہ وار 2 کلاسیں منعقد کی جاتی ہیں۔ (ر) 14 مختلف خانوادوں سے ملاقاتیں کی گئیں جن کے دوران امراللہ اور دیگر سماجی موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ (س) گذشتہ 2 ماہ کے دوران 8 بیوت تبلیغ منعقد کیے گئے اور مختلف بہائی موضوعات پر گفتگو ہوئی۔ (ش) 19 سماجی فعالیتیں عمل میں آئیں جو زیادہ تر وسیع تر جامع کے نوجوانوں کے لیے انگریزی اور کمپیوٹر کی سکھلائی پر منحصر تھیں۔ (ص) دوسرے سنگِ میل کو عبور کرنے کے مبارک موقع پر چکوال کلسٹر میں علاقائی بہائی کونسل، نارتھ کے تعاون سے دعائیہ زنجیر کا پروگرام تیار کیا گیا اور 19 گھنٹوں کے لیے یومِ عہد و میثاق پر اجراء کیا گیا جسکا موضوع اور ہدف پاکستان اور خاص طور پر نارتھ میں پیشرفت امراللہ کے سلسلہ میں تھا۔ اس پروگرام میں مختلف دعاؤں کے علاوہ، کم از کم 1000 مرتبہ ذکرِ ”یا اللہ المستغاث“ شامل تھا۔ پروگرام میں وسیع تر جامعہ کے چند افراد نے بھی شرکت کی۔ اسی طرح احبائے چکوال کے ان رشتہ داروں اور دوستوں، جو کسی نہ کسی وجہ سے پاکستان سے دور اور دنیا کے مختلف ممالک

میں ہیں درخواست کی گئی کہ وہ بھی اس دعائیہ زنجیر کے پروگرام میں شامل ہوجائیں جسکے نتیجے میں تمام برّاعظموں میں جس میں 3 مشارق الاذ کار شکا گو، سڈنی اور چلّی کے علاوہ ملّی مشرق الاذ کار اُفریقا جو تکمیل کے اُخری مراحل میں ہے پاکستان میں امراللہ کی پیشرفت کے لیے 24 گھنٹوں کی دعائیہ زنجیر منعقد کی اور 1000 مرتبہ" یااللہ المستغاث "بھی تلاوت کیا گیا۔ دعائیہ جلسات کی اصلی اور بنیادی روح اور مقصد کے پیشِ نظر، تجربہ کی بنیاد پر، 24 نومبر مغرب سے لے کر 25 نومبر مغرب (یوم ِعہد ومیثاق) تک 24 گھنٹوں کی دعائیہ زنجیر بذریعہ واٹس اپ منعقد کی جس کا موضوع تھا، "موجودہ مضطرب حالت کے پیشِ نظر، مُلک کی مادی اور روحانی ترقی کے لیے انفرادی دعا۔ اس پیغام کو وسیع ترجامعہ کے تین سو سے زائد لوگوں کو ارسال کیا گیا۔ بعض افراد نے اس اقدام کو سراہا اور اس طرح یہ ایک مفید تجربہ ثابت ہوا۔ دوسرے سنگِ میل کے حصول پر چکوال میں 28 نومبر کو ایک تقریب کا انتظام کیا گیا جس میں علاقائی کونسل نارتھ کے دو اعضاء اور انسٹیٹیوٹ بورڈ کے ایک نمائندے نے تقریب میں شرکت کی۔ جبکہ کونسل اور بورڈ کے دیگر اعضاء زوم کے ذریعے تقریب میں شامل ہوئے۔ بیت العدل اعظم کے پیامِ مبارکہ مورخہ 25 دسمبر 2005 اور 12 دسمبر 2012 کے چھ حصوں کا مطالعہ کیا اور کلسٹر کی مستقبل کی عملی پلاننگ کے لیے مشورت اور غور وفکر کیا گیا۔ علاقائی کونسل کی طرف سے کیک بھی کاٹا گیا۔ اس تقریب کے انعقاد سے قبل اسی روز، 5 احباب نے چکوال کے 4 متصاعدین الی اللہ، جن کی انتھک کوششوں کے ذریعے چکوال میں امراللہ کی بنیادیں استوار ہوئیں، کے خانوادوں سے ملاقات کی گئی اور ان کی روح کی ترقی کے لئے دعا کی گئی۔

سرگودھا:

ایک بہائی دوست لکھتے ہیں: انہوں نے کرونا وبا کے دوران سیکھا کہ کس طرح بزرگ احباب کے ساتھ کوئی بہائی سرگرمی شروع کرسکتے ہیں کیونکہ آپس میں ملنا جلنا تقریباً ناممکن تھا اسی دوران آن لائن طریقہ کار متعارف ہوا تو سب نے آن لائن دعائیہ جلسات شروع کیے۔ انہوں نے بھی ایک دوست کے ساتھ کتاب نمبر دس شروع کی تو وہ بزرگ احباب بہت خوش ہوئے اور کہا کہ یہ کتاب انہیں بہت پہلے کرلینی چاہیئے تھی۔ اس مطالعے کے دوران انہیں بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ اکثر بزرگ دوست محسوس کررہے تھے کہ وہ منصوبے کی تکمیل میں حصہ نہیں لے رہے لیکن اس مطالعے سے یہ سیکھنے کو ملا کہ ہم سب منصوبے کی تکمیل میں برابر کے شریک ہیں۔ اس کتاب کے مطالعے سے اتحاد کا تصور مزید واضح ہوگیا ہے۔

ایک دوست لکھتی ہیں کہ ایک خانوادے کے ساتھ دوبارہ سے رابطہ استوار کیا گیا جن کے والد صاحب بہائی تھے۔ اس کرونا وبا کے دوران اس فیملی کے ساتھ دعائیہ جلسہ شروع کیا گیا۔ ایک دعا پڑھ کر اس پر غور کرتے۔ کچھ مہینے یہ جلسہ چلتا رہا۔ اب وہ خود ہی اس دعائیہ جلسے کا اہتمام کرتے ہیں اور بامعنی گفتگو بھی کرتے ہیں۔ اب اگلا مرحلہ ان کے بچوں کے ساتھ بچوں کی کلاس شروع کرنے کا ہے۔

حقوق اللہ:

تمام احباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بین الاقوامی حقوق اللہ بورڈ نے جنوبی ایشاء کے لئے نئے حقوق اللہ ٹرسٹیز کا اعلان کیا ہے جس میں پاکستان کے جناب ڈاکٹر عرفان نیک اختر بھی شامل ہیں۔

علاقائی بہائی کونسل پنجاب کی دوبارہ گذارش:

عزیز و محبوب دوستو! جیسا کہ ہم سب آگاہ ہیں کہ اس موجودملکوتی منصوبے کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے احباب اپنی استعداد سے بڑھ کر جدوجہد کررہے ہیں۔ ہم آپ سب سے گذارش کرتے ہیں کہ پنجاب کے باقی ماندہ اہداف کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ہمیں کچھ کلسٹروں میں آپ کی مدد کی ضرورت ہے۔ درج ذیل کلسٹروں میں اگر آپ کسی دوست سے واقف ہیں یا کسی سے امراللہ کے بارے میں گفتگو ہوئی ہے اور وہ سماجی تعمیر کے لیے مثبت سوچ رکھتے ہوں تو برائے مہربانی علاقائی بہائی کونسل پنجاب کی سیکریٹری محترمہ شبانہ خالق سے اس نمبر پر شیئر کریں: 0300-7899704۔

1۔ ڈیرہ غازی خان 2۔ لودھراں 3۔ مظفر گڑھ 4۔ فیصل آباد

اطلاع: تمام احباب کو مطلع کیا جاتا ہے کہ یونٹ کنونشن کی افادیت اور طریقہ کار کے بارے میں تزئید معلومات کی کلاسیں 15 جنوری 2021ء تک جاری رہیں گی۔

نوٹ:

تمام اداروں اور احباب سے گذارش ہے کہ میدانِ عمل میں حاصل کئے گئے اپنے تجربات اور سکھلائیاں دفترِ ملّی کو ارسال کردیں ۔ نیوز لیٹر میں شمولیت کے ذریعے ملک بھر میں تمام احباب آپ کے قیمتی تجربات سے سیکھ سکتے ہیں اور اپنی کاوشوں کو مزید مستحکم کرسکتے ہیں۔ شکریہ